آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ، ایکزونوبل گروپ کی ایک کمپنی

# ہمقدم

آئی سی آئی پبلی کیشن کا سہ ماہی جریدہ

جلد نمبر۲ شمارہ نمبر۵ اپریل ۔ جون۲۰۱۲

AkzoNobel
Tomorrow's Answers Today



# اداریہ

ہمقدم کا نیا شمارہ آپ کے ہاتھ میں ہے۔

گزشتہ دنوں ہم نے آپ کے بچوں کی تخلیقی صلاحیتوں کو پروان چڑھانے کے لیے ہیڈ آفس اور کیمیکلز پلانٹ پر ہمقدم تصویری پوسٹر مقابلے کا انعقاد کیا۔

اس مقابلے میں آپ کی جانب سے بھرپور شرکت کرنے پر پتہ چلا کہ آپ اپنے بچوں کی تعلیم اور ذہنی نشوونما کے لیے کتنے سنجیدہ ہیں۔ بچوں نے جس طرح اس مقابلے میں حصہ لیا اور ایک سے ایک بہترین پوسٹر تخلیق کیے، اس سے اندازہ ہوا کہ ان کے اندر کتنا ٹیلنٹ چھپا ہوا ہے۔ ہر پوسٹر اس طرح سے ترتیب دیا گیا تھا کہ ججوں کے لیے تین بہترین پوسٹرز کا انتخاب مشکل ہو گیا اور بہت ہی معمولی مارجن سے پہلے، دوسرے اور تیسرے پوسٹر کا انتخاب عمل میں آیا۔

ہمقدم کی انتظامیہ کی جانب سے بہترین پوسٹرز بنانے والے بچوں اور ان کے والدین/ اساتذہ کو مبارک باد۔

ہمقدم کی جانب سے اس قسم کے مقابلے جاری رہیں گے اور ہم امید کرتے ہیں کہ آپ اور آپ کے بچے اس میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے رہیں گے۔

عید قربان قریب ہے۔اس حوالے سے ایک تصویری مقابلہ کرایا جا رہا ہے۔

مزید تفصیلات اس شمارے میں دیکھیں۔

## ذرا سوچیں!

- دنیا کی تمام الجھنیں ختم ہوسکتی ہیں اگر جاہل خاموش ہوجائے اور عالم حق بولنے لگیں۔
- جب ناخن بڑے ہوجاتے ہیں تو ناخن ہی کاٹے جاتے ہیں انگلیاں نہیں۔ بالکل اسی طرح جب کسی رشتے میں غلط فہمیاں پیدا ہوجاتی ہیں تو غلط فہمیاں ختم کی جاتی ہیں رشتے نہیں۔
- زندگی کے دو بہترین اصول:

1- معاف کردو انھیں، جنھیں آپ بھول نہیں سکتے یا

2- بھول جاؤ انھیں، جنھیں آپ معاف نہیں کر سکتے۔

# ہمقدم تصویری پوسٹر مقابلے کے نتائج

آپ کے رسالہ ہمقدم کی جانب سے گزشتہ دنوں ہیڈ آفس میں ایک تصویری پوسٹر مقابلے کا انعقاد کیا گیا۔


اس مقابلے کا بنیادی مقصد ہمارے ہیڈ آفس اور کیمیکلز پلانٹ کے بچوں کی تخلیقی صلاحیتوں کو ابھارنا تھا اور اس کے ساتھ ساتھ یہ ایک تجربہ بھی تھا کہ اگر ہم اس کو بڑے پیمانے پر اپنے تمام پلانٹس کے ورکرز کو شامل کرکے کریں تو کس طرح کے انتظامات کرنے ہوں گے۔

ہمقدم کی انتظامیہ کی جانب سے تمام انعام یافتہ بچوں کو مبارک باد۔


ججوں کے متفقہ فیصلہ کے مطابق جیتنے والے پوسٹرز ہیں:



اول انعام۔خدیجہ خالد



دوئم انعام۔اقصیٰ کالوخان



سوئم انعام۔سید خواجہ غوث محی الدین

میرا صفحہ

# ماں ۔ پیاری ماں

ماں کی عظمت سے کون انکار کرسکتا ہے۔ ہر مذہب اور کلچر میں ماں کی اہمیت اور عظمت پر زور دیا گیا ہے۔ خاندان کا تصور ماں کے بغیر مکمل ہی نہیں ہوتا۔ دنیا بھر میں ہر سال 13 مئی کو ماں کا عالمی دن منایا جاتا ہے۔

ہمارے ہیڈ آفس کے کچھ رضا کاروں نے اس عالمی دن کو منانے کے لیے کراچی میں واقع ایک اولڈ ایج ہوم کو منتخب کیا اور وہاں مقیم خواتین جن کے بچے یا تو ہیں نہیں یا پاکستان سے باہر رہتے ہیں، کے لیے کیک لیکر گئے اور ان کے ساتھ کچھ وقت گزارہ۔ جس میں ان خواتین نے اپنی اور اپنے بچوں کے بارے میں بہت سی باتیں کیں اور ہمارے رضا کاروں کے اس جذبے کو بیحد سراہا۔










# موسمِ گرما کی تعطیلات میں تفریح

اسکول کی چھٹیاں ہو چکی تھیں اور ہم جون/ جولائی موسم گرما کی تعطیلات میں چھٹیوں کے ہوم ورک کے ساتھ گھومنے پھرنے کے پروگرام بھی ترتیب دے رہے تھے کیونکہ سیر وتفریح کی افادیت سے کوئی شخص انکار نہیں کرسکتا ہے۔

سیر وتفریح انسانی زندگی کے لیے انتہائی ضروری ہے۔ اس طرح کے سیر وتفریح کے مقامات کی سیر کرنے سے انسان اعصابی طور پر اپنے آپ کو بہتر محسوس کرنے لگتا ہے کیونکہ سال بھر ایک ہی طرح کے معمولات زندگی سے انسانی طبیعت بھی اُکتا جاتی ہے۔ اس جمود سے نکلنے کا واحد ذریعہ سیر وتفریح کے مقامات کی سیر سے اچھا اور کوئی نہیں ہوسکتا۔

مندرجہ بالا تمام تر وجوہات کی بناء پر ہم نے اس دفعہ سوچا اپنے سیر وتفریح کے پروگرام کو پچھلے سال کی نسبت اور اچھے طریقے سے منایا جائے۔ اس کے لیے ہماری فیملی نے سب کے باہمی مشورے سے سیر وتفریح کے پروگرام کو حتمی شکل دی اور پروگرام یہ ترتیب پایا کہ پہلے جون کے مہینے میں ہم پنجاب کی سیر جس میں مینار پاکستان، مزار اقبال، لاہور کا لال قلعہ، بادشاہی مسجد، شاہ فیصل مسجد مری اور جھیل سیف الملوک کی سیر کرتے ہوئے واپس کراچی آئیں اور جولائی کے مہینے میں کراچی کے تفریحی مقامات کی سیر کی جائے۔ جن میں مزار قائد، چڑیا گھر، سی ویو، ہاکس بے، قائداعظم پارک، کلفٹن کی سیر، عبداللہ شاہ غازیؒ کے مزار اور آخر میں کینجھر جھیل کے ساتھ ٹھٹھہ، مکلی کا قبرستان گھومتے ہوئے شام تک گھر آجائیں۔

چنانچہ سب نے اپنا اپنا ضروری سامان پیک کرنا شروع کردیا۔ ابو نے ریل کی ٹکٹس خرید لیں، اس نے راستے کے لیے کباب پراٹھے بنالیے اور یوں ہم سب تیار ہوکہ اسٹیشن جانے کے لیے گاڑی میں بیٹھنے ہی لگے تھے کہ امی کی آواز آئی، ارے حناطہ، غوث اٹھو کیا آج اسکول نہیں جانا۔ پتہ چلا کہ ہم خواب دیکھ رہے تھے۔ کوئی بات نہیں جب خواب دیکھتے ہیں تو ان کی تعبیر بھی ڈھونڈتے ہیں، کیا ہوا اگر اس سال خواب دیکھا ہے تو آئندہ سال تعبیر بھی نکال لیں گے۔

حناطہ فاطمہ اور سید خواجہ غوث محیٔ الدین
والد کا نام: سید خواجہ محی الدین
کیمیکلز پلانٹ، کراچی۔
کلاس: V اسکول، دی فاؤنڈیشن اسکول،
گلشن معمار کراچی۔

کارپوریٹ

# گلوبل سسٹینیبلٹی ڈے

کسی بھی بزنس کو کامیابی سے چلانے کے لیے اس بزنس کا پائیدار ہونا بہت ضروری ہے تاکہ وہ اپنے تمام اسٹیک ہولڈرز کو اپنی کارکردگی سے مطمئن رکھے۔

اینگرو نے دنیا بھر میں موجود اپنے آپریشنز پر 14 جون کو گلوبل سسٹینیبلٹی ڈے منانے کا اعلان کیا۔ پاکستان کی تمام لوکیشنز اور سائٹس میں بھی یہ دن بڑے جوش و خروش سے منایا گیا۔ ذیل میں ہم اس دن کے حوالے سے کچھ تصویری جھلکیاں پیش کر رہے ہیں۔











کارپوریٹ

# ویو پوائنٹ سروے کے نتائج
# آئی سی آئی پاکستان کے لیے اعزاز

گزشتہ دنوں ایکزونوبل نے دنیا بھر میں پھیلے ہوئے اپنے آپریشنز میں کام کرنے والے اسٹاف کے لیے ایک سروے کا بندوبست کیا۔ اس سروے کا نام ویو پوائنٹ سروے 2012 رکھا گیا تھا۔ اس سروے کا مقصد یہ تھا کہ کمپنی میں کام کرنے والے افراد کمپنی اس کی اقدار، اس کے مقاصد کمپنی کے کام کرنے کے طریقے، کمپنی میں موجود ساتھیوں کے باہمی روابط وغیرہ کے بارے میں ایک آزادا ور خود مختار طریقے سے اظہار خیال کرنا اور نتائج کی بنیاد پر جہاں جہاں بہتری کی ضرورت ہو وہاں مناسب اقدامات کرنا تھا۔

اس سلسلے میں ایک تفصیلی سوالنامہ تیار کیا گیا تھا اور ایک آزاد اور خود مختار ادارے کی خدمات حاصل کی گئی تھیں جو کہ اس قسم کے سروے کرتا رہتا ہے۔

اس سروے میں آئی سی آئی پاکستان کی تمام لوکیشنز پر موجود اسٹاف نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا، چنانچہ سروے کے جاری کردہ نتائج کے مطابق ہمارے اسٹاف کا کمپنی کے لیے کام کرنے کا جذبہ اور اس کے اعزاض و مقاصد سے ہم آہنگی کا اسکور 4.32 رہا۔ یہ اسکور گزشتہ سال کے سروے کے نتائج کے مقابلے میں 0.18 پوائنٹ زیادہ ہے جو اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ ہم کمپنی کے لیے کس تندہی اور لگن سے کام کرتے ہیں۔

اس سروے میں 50 ہزار سے زائد اسٹاف نے حصہ لیا اور آپ سب کے لیے یہ نہایت خوشی اور اعزاز کی بات ہے کہ 55 ممالک میں پھیلے ہوئے ایکز ونوبل کے آپریشنز میں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ ایک مرتبہ پھر اول رہا۔










کیمیکلز

# سیفٹی فرسٹ!

سال 2012 کیمیکلز بزنس کے ویئر ہاؤس کے لیے اس لحاظ سے اہمیت کا حامل ہے کہ سیفٹی کے حوالے سے نہایت اہم منصوبے شروع کیے گئے۔ ان منصوبوں کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ ہمارا ویئر ہاؤس انڈسٹری میں موجود بہترین ویئر ہاؤسز کے معیار کا ہو جائے۔

چنانچہ اس پورے منصوبے کو تین مرحلوں میں تقسیم کیا گیا۔ پہلے مرحلے میں ویئر ہاؤس میں پہلے سے موجود ریکس کی تزئین نو کی گئی جس میں ان کی مرمت اور رنگ و روغن شامل ہے۔



دوسرے مرحلے میں ریکس اور ان کے اندر رکھے سامان کو گرنے سے بچانے کے لیے کالم گارڈ اور حفاظتی جنگلے لگائے گئے تا کہ سامان کی نقل و حرکت کے دوران کسی کارکن کو نقصان نہ پہنچے۔ کالم گارڈ اور حفاظتی جنگلے بین الاقوامی معیار کے مطابق ہیں جن کی بدولت ویئر ہاؤس میں سفیٹی اسٹینڈرڈ مزید بہتر ہو گئے ہیں۔

تیسرے مرحلے میں سلفرک اور کاسٹک ایسڈ کے اسٹوریج ایریا میں ایپوکسی فلورنگ کی گئی جس کی بدولت اس ایریا کی مرمت اور دیکھ بھال کے اخراجات میں نمایاں کمی ہوگئی اور ماحول کی بھی مزید بہتر نگہداشت میں مدد ملی۔

یہ تمام اقدامات ہمارے اسٹاف کے تحفظ، ماحول کے تحفظ اور کمپنی کی ساکھ کو بہتر سے بہتر بنانے کے لیے کیے گئے ہیں۔

کارپوریٹ

# آئی سی آئی پاکستان فاؤنڈیشن کا عطیہ پینے کے لیے صاف پانی کے پلانٹس

ماحول میں تبدیلیوں کی وجہ سے موسمی اثرات پر بیحد اثر پڑرہا ہے۔گرمیوں کا موسم بڑھتا جارہا ہےاور سردیاں مختصر ہوکر نہ ہونے کے برابر ہوتی جارہی ہیں۔اس کے ساتھ ساتھ غیر معمولی بارشیں سیلاب کا باعث بن رہی ہیں۔ گزشتہ دوسال سے ہم سیلاب اوراس سے ہونے والے نقصانات دیکھ رہے ہیں۔ یہ بارشیں اور سیلاب سب سے زیادہ پینے کے پانی کے مسائل کھڑے کرتے ہیں۔

آئی سی آئی پاکستان فاؤنڈیشن نے گزشتہ دنوں تھر دیپ رورل ڈیولپمنٹ پروگرام کے ساتھ مل کر سندھ کے سیلاب زدہ علاقوں میں سے عمرکوٹ اور دادو/ جامشورو کے اضلاع کے لیے 5 پینے کے پانی کو صاف کرنے والے پلانٹ متاثرہ لوگوں کے لیے عطیہ کیے ہیں۔ان پلانٹس کی دیکھ بھال اور چلانے کی ذمہ داری تھر دیپ دورل ڈیلولپمنٹ پروگرام کوسونپی گئی ہے۔اس کے علاوہ ان علاقوں میں جہاں پینے کے صاف پانی ملنے کے مسائل ہیں مقامی طور سے تیار کردہ 200 بائیوسینڈ نادی فلٹرز بھی دیئے گئے ہیں۔

اس سلسلے میں گزشتہ دنوں ہیڈ آفس میں تھر دیپ دورل ڈیلولپمنٹ کے ساتھ ایک مفاہمتی یادداشت پر دستخط ہوئے جس میں ہیڈ آفس میں موجود تمام سینئر منیجرز نے شرکت کی۔












پولی ایسٹر

# فیملی گیٹ ٹو گیدر 2012







پولیسٹر ورکس میں تمام انتظامی اور غیر انتظامی ملازمین اور ان کی فیملیز کے لیے منعقد ہونے والے '' سالانہ میوزیکل ایوننگ اینڈ ڈنر'' سے فیملیز کو آپس میں مل بیٹھنے کا موقع ملا۔ مہمانوں کی تعداد بہت زیادہ تھی۔ ایک ہزار کے لگ بھگ افراد اس تقریب سے لطف اندوز ہوئے۔ تقریب کا آغاز ورکس منیجر پولیسٹر بزنس راشد کمال اور صدر پولیسٹر ایمپلائز یونین فیاض الدین کے خیر مقدمی کلمات سے ہوا۔ تقاریر کے اختتام پر تمام مہمانوں کو پر تکلف عشائیے کی دعوت دی گئی۔

اس شب کے تفریحی پروگرام میں کامیڈین بھی شامل تھے جو لوگوں کو ہنساتے رہے۔ شو کے اہم فنکار امانت علی تھے۔ پروگرام کے شرکاء فن کاروں کی پرفارمنس سے بہت زیادہ لطف اندوز ہوئے۔ اس تقریب میں بچوں کے لیے جمپنگ کیسل اور دیگر جھولوں کا بھی اہتمام کیا گیا تھا جس پر بچوں نے دل کھول کر تفریح کی۔

# پولیسٹر میں حج کی قرعہ اندازی

پولیسٹر بزنس نے اپنے یونین اسٹاف کو حج کا موقع فراہم کرنے کے لیے 23 ویں حج قرعہ اندازی کا اہتمام ورکس کینٹین ہال میں کیا۔ جس میں 7 کارکنان کو سال 2012 اور 2 کارکنان جو کہ پچھلے دو سالوں کے Pending تھے کل ملا کر 9 کارکنان کو حج پر جانے کے لیے منتخب کیا گیا۔ پولیسٹر سائٹ سے اب تک 113 کارکنان اس اسکیم کے تحت فریضہ حج ادا کر چکے ہیں۔

ورکس منیجر راشد کمال صاحب اس تقریب کے مہمان خصوصی تھے۔ حج قرعہ اندازی کے لیے کمیٹی ان ممبران پر مشتمل تھی۔

| | |
|---|---|
| زینب خان | ایچ آر منیجر |
| خالد محمود | انجینئرنگ منیجر |
| محمد جمیل | جنرل سیکرٹری آئی سی آئی ایمپلائز یونین |
| فیاض الدین | صدر آئی سی آئی پولیسٹر ایمپلائز یونین |






# علاقائی معززین کے اعزاز میں افطار پارٹی

رپورٹ: اصغر علی شاہ
اسٹیٹ اسسٹنٹ کم ہیڈ مالی۔ 20062



آئی سی آئی سوڈا ایش بزنس کی کئی خوبصورت روایات میں سے ایک روایت کھیوڑہ اور گردونواح کے عمائدین کے اعزاز میں افطار پارٹی ہے۔ یہ ایک خوبصورت روایت ہے جس میں علاقے کے عمائدین گردونواح کی فیکٹریوں کے سینئر منیجر حضرات، تاجر برادری، صحافی برادری، ڈاکٹر حضرات، سی بی اے کے ارکان اور مائینز کمیونٹی کے لوگوں کو دعوت دی جاتی ہے۔

اس سال بھی یہ افطار پارٹی مورخہ 31 جولائی کو سوڈا ایش بزنس کے ایڈمن بلاک کے سامنے لان میں رکھی گئی تقریب کے مہمان خصوصی جناب علی اسرار آغا وائس پریزیڈنٹ تھے۔ تقریب میں بڑی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔ اس خوبصورت روایت کی بدولت کمپنی کو علاقے کے عمائدین سے ملنے کا موقع ملتا ہے اور شرکاء بھی کمپنی کے ساتھ اپنے خیالات کا تبادلہ کرتے ہیں۔





## افطار ڈنر
## الکلی اسپورٹس کلب سوڈا ایش کھیوڑہ

رپورٹ: **امیر ملک**
لائبریری سیکریٹری۔ الکلی اسپورٹس کلب کھیوڑہ

روایت کو زندہ رکھنا ہر آنے والے کا فرض ہوتا ہے۔ اس دفعہ بھی حسب روایت الکلی اسپورٹس کلب کمیٹی نے 19 اگست 2012 کو کلب کے خوبصورت سرسبز لان میں افطار ڈنر کا اہتمام کیا۔ کھیوڑہ کی گرمی ساون کا حبس جہاں ہر چہرے پر عیاں تھے، وہاں ایک خوشی کا عکس بھی نمایاں تھا کہ مل کر افطاری کریں گے، گپ شپ ہوگی، کام اور گھر کی پریشانیوں سے دور دو گھنٹے گزاریں گے۔ سوڈا ایش کے ورکس منیجر جناب رضا مہدی زیدی، آپریشنل منیجر سید نور العباد، ڈاکٹر محمد راشد خان، ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹس، منیجر حضرات، آفیسرز، ورکرز اور اپرینٹسز تقریباً 300 آدمیوں نے اس افطار ڈنر میں شرکت کی۔ پلانٹ پر موجود 100 لوگوں کو افطاری اور کھانا پہنچایا گیا۔

افطاری کے بعد نماز کا بھی اہتمام تھا۔ اس افطار ڈنر کے مہمانِ خصوصی وائس پریزیڈنٹ سوڈا ایش بزنس جناب علی اسرار آغا تھے۔ نماز کے بعد جناب علی اسرار آغا لوگوں میں گھل مل گئے اور خوب گپ شپ چلی۔

شرکاء تقریب نے کھانے کی بے حد تعریف کی۔ جناب علی اسرار آغا نے کلب کمیٹی کو خوبصورت انتظام کرنے پر مبارک باد دی۔ میں دعا کرتا ہوں کہ یہ حسین روایت ہمیشہ زندہ رہے۔





سوڈا ایش

# فیملی ڈنر

آئی سی آئی پاکستان سوڈا ایش بزنس نے گزشتہ دنوں تمام اسٹاف اوران کی فیملیز کے لیے فیملی ڈنر کا انتظام کیا۔اس تقریب کے ذریعے سوڈا ایش ٹیم اوران کے اہل خانہ کوآپس میں روابط قائم کرنے اورگفت و شنید کا موقع ملاسیدرضا مہدی زیدی،ورکس منیجر نےسوڈا ایش ٹیم کی حوصلہ افزائی اوراعلیٰ کارکردگی پر اپنے خیالات کا اظہار کیا۔

ان تقریبات اور پروگراموں کا مقصد آئی سی آئی کے اقداراور رویوں کواجاگر کرنا ہے۔





















سوڈا ایش

# سوڈا ایش میں میوزیکل ایوننگ

سوڈا ایش کے خوبصورت سبزہ زار میں مورخہ 30 جون 2012 کو میوزیکل ایوننگ منعقد ہوئی۔ جس میں تمام اسٹاف اور ان کے اہل خانہ نے شرکت کی۔ اس پروگرام کے مہمان خصوصی جناب علی اسرار آغا ڈائریکٹر اینڈ وائس پریذیڈنٹ سوڈا ایش تھے۔ موسیقی کے اس رنگا رنگ پروگرام میں ملک کے معروف سنگرز اور کامیڈینز نے اپنے فن کا مظاہرہ کیا اور ان کی سحر انگیز پرفارمنس پر ناظرین نے بے ساختہ داد دی اور جوش و خروش کا مظاہرہ کیا۔ اس نوعیت کے تفریحی پروگرام کا مقصد سارا سال محنت لگن اور تندہی سے کام کرنے کے بعد اپنے احباب کے ساتھ مل کر موسیقی اور طنز و مزاح سے بھرپور تفریح سے لطف اندوز ہونا ہوتا ہے۔ یہ پروگرام رات گئے تک جاری رہا اور یادگار لمحات کے ساتھ اختتام پذیر ہوا۔
























# موٹر وہیکل ڈرائیونگ کمپئین

رپورٹ: ایوب اختر
اسٹیٹ سپروائزر۔ 20110

آئی سی آئی سوڈا ایش بزنس میں سیفٹی سے متعلق لوگوں کی آ گاہی کے لیے وقتاً فوقتاً پروگرام منعقد کیے جاتے ہیں ۔ اس سلسلے میں مورخہ 18 جولائی 2012 کو سوڈا ایش بزنس میں موٹر وہیکل ڈرائیونگ کمپئین پر مکمل ایک دن منایا گیا۔ اس دن کے پیش نظر مختلف قسم کے بینر، ڈینگلرز اور ہدایات جس پر ٹریفک کے قوانین اور محتاط ڈرائیونگ کے چیدہ چیدہ اصولوں کی نشاندہی کی گئی تھی لگائے گئے۔

اس دن کی مناسبت سے خاص طور پر موٹر وے ایجوکیشن اسٹاف کو مدعو کیا گیا تا کہ ایمپلائیز کو ٹریفک کے اشارات اور قوانین کے متعلق معلومات دی جا سکے۔ کورس میں لوگوں نے بھرپور شرکت کی۔ یہ ایک بڑا معلوماتی سیشن تھا۔ جس سے تمام شرکاء نے رہنمائی حاصل کی۔















لائف سائنسز

سیڈز

# پھلوں کا بادشاہ
# میرپورخاص میں آموں کا میلہ










صوبہ سندھ کا شہر میرپورخاص کی دیگر خصوصیات میں سے ایک یہ ہے کہ یہاں ہر سال آم کے موسم میں ایک بہت بڑی نمائش کا اہتمام کیا جاتا ہے جس میں صوبے بھر کے آم کے کاشتکار اپنے آم نمائش کے لیے لاتے ہیں۔

اس سال یہ میلہ آم کا موسم شروع ہوتے ہی جون کے پہلے ہفتے میں منعقد کیا گیا۔ سندھ بھر سے 400 سے زائد کاشتکاروں نے اس میلے میں شرکت کی اور پھلوں کے بادشاہ آم کی مختلف اقسام پیش کیں۔ ان میں سے چند مشہور سندھڑی، طوطا پری، گلاب خاص، فجری، انور رٹول، دسہری، لنگڑا اور بادشاہوں کا بادشاہ یعنی شہنشاہ چوسا میلے میں شرکت کرنے والے افراد کی توجہ کا مرکز رہے۔

اس موقع پر ہمارے سیڈز ڈویژن نے ایک شاندار اسٹال لگایا جہاں اسٹاف نے نمائش میں شریک کاشتکاروں کو آئی سی آئی سیڈز کے فوائد اور آئی سی آئی کی پروڈکٹس کا آم کی پیداوار میں اضافے اور پھل کی صحت اور توانائی میں کردار کے بارے میں تفصیل سے بتایا۔ اسٹال پر ہمارے سیڈز ڈویژن کی بہت سی پروڈکٹس بھی رکھی گئیں تھیں۔

کاشتکاروں نے خاص طور پر فرٹی بائیو کے بارے میں دلچسپی کا اظہار کیا اور ہمارے اسٹاف نے فرٹی بائیو کے استعمال اور اس کے فوائد کے بارے میں تفصیل سے آگاہی دی۔

آموں کی نمائش کا میلہ ہمارے سیڈز ڈویژن کے نقطۂ نظر سے نہایت کامیاب رہا۔ جس میں بزنس نے بھرپور شرکت کر کے کاشتکاروں سے اپنے رابطوں کو مزید مضبوط کیا۔

اس کے علاوہ ہاری میلہ بدین میں بھی ہمارے سیڈز ڈویژن نے اسٹال لگایا جس میں محترمہ فہمیدہ مرزا چیئرمین سینٹ نے خاص طور سے اسٹال کا معائنہ کیا اور آئی سی آئی سیڈز کی پروڈکٹس میں دلچسپی کا اظہار کیا۔

# سرخ مرچ کی ورائٹی ایڈوانٹا 52

















ہمارا سیڈز ڈویژن کاشتکاروں کے ساتھ ملاقاتیں اور اجتماعات کرتا رہتا ہے تا کہ ان کو اپنی پروڈکٹس کے بارے میں باخبر اور اس کے فوائد سے آگاہ رکھے۔

سرخ مرچ کی ورائٹی ایڈوانٹا 52 گزشتہ سال مارکیٹ میں پیش کی گئی تھی اس کی کامیاب فصل کے بارے میں آگاہی دینے کے لیے ملک بھر میں سرخ مرچ کے کاشتکاروں کے ساتھ اجتماعات منعقد کیے گئے جن میں تفصیل سے سرخ مرچ کے بیج کے بارے میں کاشتکاروں کو بتایا گیا۔ یہ اجتماعات نہایت کامیاب رہے اوران کی بدولت مطلوبہ نتائج حاصل ہوئے۔اس قسم کے اجتماعات نہ صرف ہم کو اپنے کسٹمرز کی اہمیت کا احساس دلاتے ہیں بلکہ ان کے ساتھ مضبوط رشتہ قائم کرنے میں مدد دیتے ہیں۔

ہماری مسلسل جدو جہد ہمیں یہ یقین دلاتی ہے کہ سرخ مرچ ایڈوانٹا 52 مارکیٹ میں ایک کامیاب بیج ثابت ہوگا اوراپنی کامیابی کے نئے ریکارڈ بنائے گا۔

لائف سائنسز

اینمل ہیلتھ

# منفرد اور مختلف النوع پروڈکٹس فارمرز چوائس برانڈ۔ ایک سنگ میل

ہمارے اینمل ہیلتھ ڈویژن کی ٹیم نے سال 2012 کی پہلی ششماہی میں 10 منفرد اور مختلف النوع پروڈکٹس مارکیٹ میں ''فارمرز چوائس'' کے نام سے متعارف کرائیں۔ سال کے آغاز میں بزنس ٹیم نے یہ پلاننگ کی کہ ہم پروڈکٹس کو ایک نیا برانڈ نام دیں جو کہ ڈیری فارمرز میں مقبول ہو۔ اس کے ساتھ ہی ڈیری فارمرز کے ساتھ ہونے والے میٹینگز اور اجتماعات بھی ''فارمرز چوائس'' کے برانڈ نام کے ساتھ منعقد کیے جائیں۔

یہ دس نئی پروڈکٹس لائیو اسٹاک اور پولیٹری انڈسٹری کے لیے، قوتِ مدافعیت بڑھانے والی ادویات، جانوروں میں سوزش اور خارش کو ختم کرنے اور اینٹی بایوٹک پر مشتمل ہیں۔

فارمرز چوائس برانڈ کا ایک مقصد یہ بھی ہے کہ مویشی فارم کی بہترین دیکھ بھال ہو تا کہ جانور صحت مند اور توانا رہیں۔ جس کے نتیجے میں ڈیری فارمرز خوشحال ہوں۔

فارمرز چوائس برانڈ سے اینمل ہیلتھ ڈویژن کی ٹیم اور اس کے کسٹمرز کو بڑی امیدیں وابستہ ہیں۔ ان نئی اور مختلف النوع پروڈکٹس کے مارکیٹ میں آ جانے سے بزنس کے لیے تیزی سے ترقی اور مزید نئی جدتوں کے لیے راہ ہموار ہوگی۔




# پولیٹری۔ کامیابی کے دس سال

گزشتہ دنوں ہمارے اینمل ہیلتھ ڈویژن نے پولیٹری کی صنعت میں اپنی نمائندگی اور کامیابی کے دس سال مکمل کیے۔ اس یادگار موقع کو منانے کے لیے ڈویژن کی کور ٹیم کی جانب سے مزنگ آفس میں ایک تقریب کا اہتمام کیا گیا۔

پولیٹری کی صنعت پاکستان کی دوسری بڑی صنعت کا درجہ رکھتی ہے جس میں ترقی کے بیحد مواقع ہیں، جس میں جدید ٹیکنالوجی کو بہترین طریقے سے استعمال کیا جا رہا ہے۔ مثلاً مشینوں کے ذریعے فارمنگ، گوشت کی تیاری، میڈیکل ریسرچ اور ڈیویلپمنٹ وغیرہ۔ پاکستان کی پولیٹری انڈسٹری بین الاقوامی معیار سے آگے ہے۔ اس



انڈسٹری کا سائز 9 بلین سے زیادہ ہے جو کہ 15 لاکھ افراد کو ملک بھر میں روزگار فراہم کرنے کا ذریعہ ہے۔


ہمارے اینمل ہیلتھ ڈویژن نے پولیٹری کی صنعت میں 2002 میں قدم رکھا اور اس دس سال کے عرصے میں جدید اور منفرد پروڈکٹس اپنے کسٹمرز کو پیش کیں اور پولیٹری فارمرز کو پولیٹری فارم کی جدید خطوط پر دیکھ بھال کی تربیت اور مشورے دیئے۔ جس کی بناء پر آج ہمارا پولیٹری کا شعبہ ایک طویل اور بہترین میڈیسن کی ورائٹی پولیٹری فارمرز کو پیش کرتا ہے جو ووکیسی نیشن، کرم کش، صحت مند غذا، اینٹی بائیوٹکس وغیرہ پر مشتمل ہے اور اینمل ہیلتھ کے شعبے کی دنیا کی پانچ بڑی کمپنیوں میں سے تین کمپنیوں کی نمائندگی کرتا ہے۔


سال 2012 اس لحاظ سے اینمل ہیلتھ کے شعبے کے لیے سازگار ثابت ہوا کہ پولیٹری کی صنعت کے لیے شعبے نے ترجیحی بنیاد پر پلان بنایا اور اس کے مطابق برانڈ جنرک مارکیٹ میں تین نئی اینٹی بائیوٹک پروڈکٹس فارمرز چوائس کے برانڈ نام سے متعارف کرائی ہیں۔ اب پولیٹری فارمرز اعلیٰ معیار کی حامل ادویات مناسب داموں پر خرید سکتے ہیں۔ اس دس سال کے عرصے میں شعبے نے بیحد ترقی کی ہے جس پر ہم سب بجا طور سے فخر کر سکتے ہیں۔

# ہمقدم تصویری مقابلہ

## میرا قربانی کا جانور

عید قربان کی آمد ہونے والی ہے۔ بحیثیت مسلمان ہم سب قربانی کرتے ہیں۔ آپ کے لیے اور آپ کے بچوں کے لیے ہمقدم کی جانب سے قربانی کے جانور کی بہترین تصویر کشی کا مقابلہ کرایا جارہا ہے۔



## شرائط:

مقابلے کی شرائط درج ذیل ہیں:

1- مقابلے میں آئی سی آئی کے پلانٹ/ آفس میں کام کرنے والے تمام ورکرز اور ان کے بچے حصہ لے سکتے ہیں۔

2- ہر ورکر یا اس کا بچہ زیادہ سے زیادہ 5 تصاویر بھیج سکتا ہے۔

## طریقۂ کار:

1- تصاویر ڈیجیٹل کیمرے سے لی جائیں اور کم سے کم DPI 300 یعنی پرنٹ ایبل کوالٹی کی ہونی چاہئیں۔

2- تصاویر کے ساتھ ورکر/ بچہ اپنی ڈیجیٹل تصویر بھی بھیجے گا۔

3- تمام تصاویر DVD/CD پر ریکارڈ کر کے اپنے لوکیشن HR منیجر کے پاس جمع کرائی جائیں۔

4- DVD/CD پر اپنا پورا نام، اسٹاف نمبر عہدہ اور پلانٹ/ لوکیشنز کا نام ضرور لکھیں۔ اگر آپ کے بچے کی جانب سے انٹری دی جارہی ہے تو بچے کا نام، کلاس، اسکول اور عمر ضرور لکھیں۔

5 قربانی کے جانور کے کلوز اپ ہوں اور تصویر اس طرح سے لی جائے کہ اس میں کچھ نیا پن لگے۔

6- لوکیشن HR منیجر تمام جمع شدہ تصاویر کی DVD/CDs کو ہمقدم روانہ کریں گے۔

7- منتخب شدہ 3 بہترین تصاویر کو اول، دوم اور سوم انعام دیا جائے گا۔




Published by Corporate Communications & Public Affairs Department
ICI House, 5 West Wharf, Karachi, 74000
Designed by AA Graphics / Printed by